Music By Madan Mohan

بترا فلم کا نیا شاہکار

ادا

अदा

رنگین آر کمار لال -
ہیرو پریم ناتھ
بالا بھیان

سینما بکڈپو کھاری باؤلی دہلی

"عدالت" کے سٹوری گانے

یہ ایک اخلاقی ہوئی خوبصورت سیانی کی کہانی ہے جو ابھی جوانی میں قدم رکھنے بھی نہ پائی تھی کہ کسی کی محبت میں گرفتار ہو گئی۔ نرملا اپنے ساتھ پڑھنے والے راجیندر کو ایسے وقت میں دل دے بیٹھی جبکہ دونوں کی کالج کی پڑھائی ختم ہو چکی تھی اور ان کا بچھڑنا بھی ضروری تھا۔ آگے پردہ فلم پر دیکھئے۔

گانے

نمبر۱- لڑکا:- جب دن حسیں، دل ہو جواں کیوں نہ منائیں پکنک۔
لڑکی:- سینے میں آگ ہونٹوں پہ راگ مل جل کے گائیں پکنک
لڑکا:- تارا را رم   لڑکی۔ لا لا لا لا
کورس:- تا را را رم
لڑکی:- او سائیکل سوار باندھے قطار لو ہم چلے
کورس لو ہم چلے
لڑکی:- اے... جنگل کے پار ہرنوں کی ڈار جیسے چلے
کورس لو ہم چلے
دونوں:- موسم یہ رنگ، دل میں امنگ پھر کیوں نہ جائیں پکنک۔

لڑکا:۔ او پانی کا شور لہروں کا زور آ توڑ دے
کورس:۔ آ توڑ دیں۔
لڑکی:۔ نئے سے طوفان میں سنا کر، مل جل کے آؤ سب چھوڑ دیں
کورس:۔ سب چھوڑ دیں
دونوں:۔ ساحل سے دور چلکے چھوڑ ایسے جائیں پکنک
لڑکا:۔ ساد۔۔ یہ دن عجیب، ہم تم قریب ہائے پھر کہاں۔ کورس:۔ پھر
لڑکی:۔ دلے۔۔ رستے کا میل آپس کا کھیل ہائے پھر کہاں
کورس:۔ ہائے پھر کہاں۔۔۔ زلفوں کے جال اڑتے رومال
رنگیں بنائیں پکنک

نمبر۲۔ وہ پنہ میرا ململ کا رنگ سلیٹی ہلکا
زمانہ لٹ جائے گا سر سے اگر ڈھلکا
جن میرے کرتے کے ستارے آسمانی ساجنا
اسی لئے دیکھا نہ اندھیرا کبھی تیرے آنگنا
ہماری گلی مت آنا یہ ظالم رہتے ہیں
یہ تو ہے دل والوں کے لٹیرے یہاں بستے ہیں
تم سا بھی کوئی نہ زمانہ میں نڈر ہوگا
وہیں پہ دم توڑ دیں گے جہاں پہ تیرا ادہ ہوگا

نمبر۳۔ لڑکی:۔ زمیں سے آسماں پہ بٹھا کے گرا تو نہ دوگے
لڑکا:۔ اگر ہم یہ پوچھیں کہ دل میں بسا کے بھلا تو نہ دوگے

لڑکی:- ملے رات اس وقت آنچل میں تیرے جتنے بھی ہیں یہ ستارے
لڑکا:- جو دیدے تو مجھکو تو پھر میں لٹا دوں کسی کے ناز پہ یہ سارے
لڑکی:- دیکھو کہ یہ رنگین سپنے سجا کے مٹا تو نہ دو گے
لڑکا:- اگر ہم یہ پوچھیں کہ دل میں بسا کے بھلا تو نہ دو گے

لڑکی:- تمہارے سہارے نکل تو پڑے ہیں، پہ منزل کہاں دل نہ جانے
لڑکا:- جو تم ساتھ دو گے تو آئے گی اکدن منزل گلے سے لگانے
لڑکی:- اتنا تو دل کو یقین ہے ہمیں تم دغا تو نہ دو گے
لڑکا:- اگر ہم یہ پوچھیں کہ دل میں بسا کے بھلا تو نہ دو گے

نمبر۴- جانا تھا ہم سے دور بہانے بنا لئے
اب تم نے کتنی دور ٹھکانے بنا لئے
رخصت کے وقت تم نے جو آنسو ہمیں دیئے
اُن آنسوؤں سے ہم نے فسانے بنا لئے
دل کو ملے جو داغ جگر کو ملے جو درد
ان دولتوں سے ہم نے خزانے بنا لئے

نمبر۵- یوں حسرتوں کے داغ محبت میں دھو لئے
خود دل سے دل کی بات کہی اور رو لئے
گھر سے چلے تھے ہم تو خوشی کی تلاش میں
غم راہ میں کھڑے تھے وہی ساتھ ہو لئے

مرجھا چکا ہے پھر بھی یہ دل پھول ہی تو ہے
اب آپ کی خوشی، اسے کانٹوں میں تولئے
ہونٹوں کو سی چکے تو زمانے نے یہ کہا
یوں چپ سی کیوں لگی ہے، اجی کچھ تو بولئے

نمبر ۶- زہرا:- جا جا جا رے جا ساجنا.
کاہے سپنوں میں آئے جلا کے دلش پرائے بیوفا
تجھ کو غرض کیا میری وفا سے
جیوں یا مروں میں تیری بلا سے
دوسری لڑکی:- جا جا جا رے جا رے۔۔
کاہے سپنوں میں آئے جلا کے دلش پرائے بیوفا۔
دل تو دیا تھا تجھے بڑے ارمان سے
پیار ہوگیا یا بھی تو کس بے ایمان سے
دے ہی گیا جو دغا
زہرا:- دو دن کی پہلے جھوٹی خوشی دی
درد بھرا پھر یہ زندگی دی
دوسری لڑکی:- ہاتھ پکڑ بیٹھی کیوں ایسے میت کا
ڈھنگ نہ جانے جسے ذرا سا بھی پریت کا
جانے نہ ہے کیا وفا؟

نمبر ۷۔ ان کو یہ شکایت ہے کہ ہم کچھ نہیں کہتے
اپنی تو یہ عادت ہے کہ ہم کچھ نہیں کہتے
مجبور بہت کرتا ہے یہ دل تو زباں کو
کچھ ایسی ہی حالت کہ ہم کچھ نہیں کہتے
کہنے کو بہت کچھ تھا۔ اگر کہنے پہ آتے
دنیا کی عنایت ہے کہ ہم کچھ نہیں کہتے
کچھ کہنے پہ طوفان اٹھا لیتی یہ دنیا
اب اس پہ قیامت ہے کہ ہم کچھ نہیں کہتے۔

ختم شد

مددگار درزیان!

اس کتاب میں درزی کے کام کی قریب قریب تمام باتیں درج ہیں۔ مثلاً ہر قسم کے کپڑوں کا کاٹنا جاننا اور سینا بالتصویر دیا گیا ہے۔ بلکہ تصویر دیکر درزی کے کام میں اور بھی چار چاند لگا دیئے ہیں۔ گھر میں عورتیں۔ لڑکیاں لڑکے اور مرد تھوڑے عرصہ میں محنت کر کے ہوشیار بن سکتے ہیں اور روزانہ دس پانچ روپے روزانہ کما سکتے ہیں۔ ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا بہت ضروری ہے۔ قیمت 2/4/ محصولڈاک معاف

جواہرات کا ڈھیر

اس کتاب میں آچار چٹنی مربہ۔ معجون چورن شربت۔ کشتہ۔ خمیرہ۔ عرق۔ پیٹنٹ ادویات کے نسخے اور مٹھائیاں بنانے کے گر ہزارہا قیمتی روپے کے فارمولے اس میں درج کئے گئے ہیں قیمت صرف 2/-/ محصولڈاک معاف جلد آرڈر روانہ کریں ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

سینما بک ڈپو کھاری باؤلی دہلی


انجمیکو
گرائپ مکسچر
بچوں کو تندرست اور ہنس مکھ بناتا ہے۔
اور دانت آسانی سے نکالتا ہے
امر بام
سر درد، چوٹ، جلن، کھجلی
وغیرہ کیلئے
داد کا ناش
داد۔ کھجلی۔ ایگزیما (چنبل) کے لئے مفید ہے
رنگین اور سفید دونوں طرح کی ملتی ہے۔
دی انڈیا کیمیکل کمپنی دہلی